© rasailojaraid.com



سے سرشار ہو کر نشست سے کھڑے ہوئے سٹیج کی طرف بڑھے اور شہناز بیگم کے ساتھ تالیاں بجا کر یہ گیت گایا، سب سامعین نے بھی کھڑے ہو کر صدر کا ساتھ دیا۔ صدر کے ساتھ وزراء، سفراء ان کی بیگمات شامل تھیں سب یہ گانا گاتے تھے گویا تمام ہال وجد میں آچکا تھا۔ (تعمیر ۷ دسمبر)

دوش از مسجد سوئے میخانہ آمد پیر ما چیست یاران طریقت بعد ازیں تدبیر ما

(مادار اللہ مدار سروان)

---

**قول و عمل کا تضاد** | پچھلے ایک اداریہ میں آپ نے بہت اہم سوال اٹھایا کہ موجودہ معاشرتی خرابیوں کو دور کرنے کے لئے ہم ایمان کی قوتوں سے قطعاً کام نہیں لے رہے۔ فکر و عمل گفتار و کردار کے اس تضاد کا سارا معاشرہ بری طرح شکار ہے۔ پوری قوم اپنا زور اسلام کی تعریف میں صرف کر دیتی ہے مگر اس ذہنی اور عملی تفریق و تضاد نے مسلمانوں کو صحیح اسلامی زندگی کی برکات سے محروم کر دیا ہے۔

(بشیر محمود ایم اے ہمن زار مانسہرہ)

---

**شیعہ نصاب** | شیعہ نصاب کی علیحدگی کا فیصلہ فوراً منسوخ کیا جائے ۹۵ فیصد سنی عوام کی اکثریت پر ۵ فیصد اقلیت کو ترجیح دی گئی تو ہم اس کے خلاف تحریک چلائیں گے ہم ہر اس کتاب کا بائیکاٹ کریں گے جس میں شیعہ باب ہو۔

(حسین احمد جماعت دہم رشیدو)

---

**قادیانی اقلیت قرار دینے کی تحریک** | دارالعلوم تعلیم القرآن باغ آزاد کشمیر کے عظیم اجتماع میں صدر آزاد کشمیر اور ارکان اسمبلی کو قادیانی اقلیت قرار دینے کی قرارداد پر زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اور اسے عملی جامہ پہنانے کا مطالبہ کیا گیا۔ نیز اسلامی قوانین کے نفاذ کے وعدہ کو بھی مزید تاخیر کے بعد پورا کرنے کی اپیل کی گئی۔ اس طرح جامع مسجد باغ کے عظیم اجتماع میں بھی ایسی ہی قراردادیں پاس ہوئیں۔

(حافظ عبداللہ ناظم تعلیم القرآن باغ)

---

مجلس تحفظ ختم نبوت کے گیارہ رکنی وفد نے مولانا تاج محمود مدیر لولاک لائل پور کی قیادت میں صدر آزاد کشمیر مجاہد اسلام سردار عبدالقیوم سے ملاقات کی اور انہیں قادیانی اقلیت سے متعلق قرارداد پر پوری مسلم قوم کی طرف سے مبارکباد پیش کی اور یقین ظاہر کیا کہ اب اس قرارداد کو جلد قانونی شکل دیدی جائے گی۔

(غلام حیدر مجلس تحفظ ختم نبوت اسلام آباد)

© rasailojaraid.com